28 دسمبر 2022ء

استیٹ بینک کے فیلڈ دفاتر پرانے ڈیزائن کے متروکہ نوٹوں کی تبدیلی کے لیے 31 دسمبر 2022ء کو کھلے رہیں گے

وفاقی حکومت کی جانب سے گزٹ نوٹیفکیشن F.No.2(1)IF-III/2010 بتاریخ 23 دسمبر 2021 ء کے ذریعے 10، 50، 100 اور 1000 روپے کے پرانے ڈیزائن کے بڑے سائز والے بینک نوٹوں کے تبادلے کی مقررہ آخری تاریخ 31 دسمبر 2022ء ہے۔ یہ بینک نوٹ صرف اسٹیٹ بینک کے ذیلی ادارے ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن (بی ایس سی) کے فیلڈ دفاتر سے تبدیل کروائے جاسکتے ہیں ۔ عوام کو سہولت دینے کی غرض سے ایس بی پی- بی ایس سی کے فیلڈ دفاتر **جمعہ 30 دسمبر 2022ء اور ہفتہ 31 دسمبر 2022ء کو رات 8 بجے** تک کھلے رہیں گے۔ عوام سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ 10، 50، 100 اور 1000 روپے کے پرانے ڈیزائن کے بڑے سائز والے بینک نوٹ **31 دسمبر 2022ء** تک یا اس سے قبل تبدیل کرالیں۔ درج بالا مقررہ تاریخ گزرجانے کے بعد یہ نوٹ تبدیل نہیں کروائے جاسکیں گے۔

****